تم صبح شام تین بار (قل هو اللہ احد)، (قل اعوذ برب الفلق) اور (قل اعوذ برب الناس) کہ لیا کرو یہ تین سورتیں تمہارے لیے ہر چیز سے کافی ہوں گی

عبداللہ بن خبیب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں : ہم ایک بارش اور سخت تاریکی والی رات میں اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ و سلم کو نماز پڑھانے کے لیے ڈھونڈنے نکلے ان کا کہنا ہے کہ ہم نے جب آپ کو پایا تو آپ نے کہا : "تم کہو" میں نے کچھ نہیں کہا، تو آپ نے دوبارہ کہا : "تم کہو" میں نے پھر بھی کچھ نہیں کہا تو آپ نے تیسری بار کہا : "تم کہو" اس بار میں نے عرض کیا کہ میں کیا کہوں؟ آپ نے جواب دیا : "تم صبح شام تین بار (قل هو اللہ احد)، (قل اعوذ برب الفلق) اور (قل اعوذ برب الناس) کہ لیا کرو یہ تین سورتیں تمہارے لیے ہر چیز سے کافی ہوں گی"

[صحيح] [رواه أبو داود والترمذي والنسائي]

بزرگ صحابی عبداللہ بن خبیب رضی اللہ عنہ بتا رہے ہیں کہ وہ شدید بارش والی اور تاریک ترین رات میں اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ و سلم کو ڈھونڈنے نکلے تاکہ آپ لوگوں کو نماز پڑھا دیں، تو انہوں نے آپ کو پالیا، تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا : تم پڑھو لیکن انھوں نے کچھ نہیں پڑھا تو آپ نے دوبارہ پڑھنے کے لئے کہا اب کی بار عبد اللہ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا : اے اللہ کے رسول! میں کیا پڑھوں؟ جواب میں اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ و سلم نے فرمایا : {قل هواللہ احد}، {قل اعوذ برب الفلق} اور {قل اعوذ برب الناس}، ان تینوں سورتوں کو صبح وشام تین تین مرتبہ پڑھ لیا کرو یہ سورتیں ہر شر سے تمہاری حفاظت کریں گی اور ہر برائی سے تم کو بچائیں گی

https://sunnah.global/hadeeth/ur/show/6082